

خبرنامۂ فوکس

اردو کے طلبہ وطالبات کی تعلیمی پیش رفت اور کارکردگی کا عکاس

July 2019 Vol:1 Issue No: 1 | Page 1 | KHABAR NAMA-E-FOCUS | صفحہ 1 | جولائی 2019ء جلد(1) شمارہ(1)

فوکس اسکول، پی وائی پی

انتظار: ہر ماہ کا آخری ہفتہ

رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے : وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی : جو ظرف کہ خالی ہو صدا دیتا ہے
میر انیس

مندرجہ بالا اردو شعراء کو پہچانیں اور ان کے اشعار اپنی پسند سے لکھ کر بھیجیں۔پہلے طالب علموں کے بھیجے گئے اشعار کو ان کے نام کے ساتھ اگلے شمارے میں شائع کئے جائیں گے۔

طلبہ وطالبات کی مشاعرہ میں شرکت

درجہ پنجم کے طلباء وطالبات نے اگست کے پہلے ہفتہ میں "ہجرت اور مہاجر" کے عنوان پر منعقد ہونے والے مشاعرہ میں شرکت کی تیاری کیا اور خوش نظر آئے۔بچوں نے کچھ اشعار جو مشاعرہ سے پہلے ہمیں سنائے اسی سے ظاہر ہے کہ اس مشاعرہ کا عنوان "ہجرت" ہو گا۔

مہاجر ہیں مگر ہم ایک دنیا چھوڑ آئے ہیں
تمہارے پاس جتنا ہے ہم اتنا چھوڑ آئے ہیں

درجہ دوم کے طلباء نے اردو زبان کے حروف تہجی کو LUDO کے ذریعہ سیکھا

"املا" کے نئے انداز کا تعارف

درجہ سوم کے طلباء نے اپنے آس پاس موجود رہنے والے جانوروں کے نام لکھنا سیکھا اور اس کی بلند خوانی کیا۔

درجہ اول کے طلباء نے کاغذ کی گیند اور Ludo سے حروف تہجی لکھنا سیکھا

درجہ چہارم کے طلباء وطالبات نے "مثالی کردار"

خدائے سخن جناب میر انیس

کی رباعی یاد کر کے سنائی۔اس کے علاوہ سبھی طلباء نے اپنی پسند کے شعراء کی رباعی کو یاد کیا اور اسے خوبصورت انداز میں پڑھ کر سنایا اور کمرہ جماعت میں لکھ کر سجایا۔

استاد کی جانب سے دی گئی میر انیس کی رباعی کو سب سے پہلے محمد حمزہ اور شفاعت منساریہ نے یاد کر کے سنایا



انساں کی زندگی کی دو سانسیں ہیں ہر جاں کی زندگی کی دو سانسیں ہیں یہ کلمہ طیبہ کے دو جزء ہی نہیں ایماں کی زندگی کی دو سانسیں ہیں نامعلوم : محمد حمزہ C-4- B	انجام کے آغاز کو دیکھا میں نے ماضی کے ہر انداز کو دیکھا میں نے کل نام جو تیر الیا بوئے گل نے تا دیر اُس آواز کو دیکھا میں نے رباعی جوش ملیح آبادی: علی رضا C-4- A
غرور ٹوٹ گیا کوئی مرتبہ نہ ملا ستم کے بعد بھی کچھ حاصل جفا نہ ملا سرِ حسین ملا ہے یزید کو لیکن شکست یہ ہے کہ، جھکا ہوا نہ ملا نامعلوم: زہرا فاطمہ C-4- B	میرے مالک نے مرے حق میں یہ احسان کیا خاکِ ناچیز تھا میں سو مجھے انسان کیا اُس سرے دل کی خرابی ہوئی اے عشق دریغ تو نے کس خانہ مطبوع کو ویران کیا رباعی، میر تقی: معاذ ارشد C-4- B

"یوم والد" پر بچوں سے ان کے والد کی ملاقات

۲۱ جولائی کو ساری دنیا میں "یومِ والد" منایا گیا۔فوکس اسکول نور خان بازار میں بھی "یوم والد" کو ایک منفرد انداز سے منایا گیا۔اور دلچسپی رکھنے والے "اچھے بابا جان" کو بچوں کے درجہ میں بلایا گیا اور انہیں سبھی بچوں سے ملاقات کا موقع دیا گیا۔اس موقع پر بچے اور والد بہت خوش نظر آئے۔ سبھی نے اپنے بچوں کے کلاس میں مٹھائیاں تقسیم کیں۔

ہمیں اپنے ماں باپ کی قدر کرنا چاہیئے کیونکہ وہ اللہ کی طرف سے ہمارے لئے ایک تحفہ ہوتے ہیں

یہ اطلاعات فوکس اسکول، نور خان بازار، حیدرآباد کے طلبہ وطالبات کی معلومات میں اضافے اور تشویق کے لئے ہیں۔ طلباء اور اساتذہ اپنے مواد اس میل پر روانہ کریں ۔ email : shadab.ahmad@focushighschool.org